بائی :

ہیرا سنگھ سڈو

ایم اے (انگریزی اینڈ پنجابی)' بی ٹی

ریٹائرڈ ہیڈ ماسٹر

Zafar Nama

ظفرنامۂ

بائی :
ہیرا سنگھ سوڈو
ایم اے (انگریزی اینڈ پنجابی)، بی ٹی
ریٹائرڈ ہیڈ ماسٹر

Publisher :
Hira Singh Sud
M.A. (English Punjabi), B.T.
Retd. Head Master
8/167, Om Niwas
Adda Nurdi
Taran Taran (Distt. Amritsar)

Printer :
Perfect Printers
New Delhi Ph. : 6413849

Sincere Thanks :

S. Harbans Singh Sangatpuri
President, Bhai Lalo Foundation
L-3, Green Park Extension
New Delhi-110016
Phone :Office : 685-2285, 685-4602
Res. : 66-2046, 66-9078

S. Vir Singh
B-58, Lajpat Nagar IV
New Delhi-110024
Phone : Res. : 641-2073
Off. BLF. : 542-3668

S. Rattan Singh
A5/239, Paschim Vihar
New Delhi-110063
Phone : Res. : 5574794
for their best co-operation

بنامِ خداوند بخشندۂ بے نظیر

عرضِ حال

جاپ صاحب اَور اکال اُستت کے مختصر انتخاب کے اُردو ترجمہ کے بعد اس مُقدّس کلام کا انگریزی ترجمہ کیا گیا۔ اَور اب ظفر نامہ کا ترجمہ بزبانِ انگریزی و اُردُو ناظرین کے پیشِ نظر ہے۔ یہ گورو گوبند سنگھ جی کے اُن ۲ خطوط پر مشتمل ہے۔ جو اُنھوں نے جنگِ چمکور کے بعد اَورنگ زیب کو تحریر کیئے۔

پہلا رائیکوٹ پہنچنے سے پہلے نظم کیا گیا اَور دوسرا دینا کانگڑ سے اَورنگ زیب کو بھائی دیا سنگھ اور بھائی دھرم سنگھ کے ہاتھوں بھیجا گیا۔

پہلے خط میں جنگی ہتھیاروں کے خُدا کی قسم اُٹھاتے ہُوئے اَورنگ زیب کو یاد دِلایا ہے کہ اُس کی بادشاہت مکر و ریا پر مبنی ہے۔ اُس نے دکّن اَور راجپوتانہ سے جو زک اُٹھائی ہے اُس ہزیمت کے داغوں کو اُسے پنجاب کی دھرتی پر دھونے نہیں دیا جائیگا۔ اُس کی قسم کا کوئی اعتبار نہیں۔ سچّائی کے خِلاف صف آرا ہونے

پھر اُسے ایک ناقابلِ شکست مُقابلہ کا سامنا کرنا پڑیگا۔

دُوسرے خط میں خُدا کی حمد وثنا کے بعد اَورنگ زیب کے جرنیلوں کی بدعہدی کی ذمّہ داری اُس پر ڈالتے ہوئے چمکور میں لڑی گئی دِن بھر کی گھمسان کی جنگ اَور قتل وخُون کا نقشہ بالتفصیل پیش کیا گیا ہے۔ اَورنگ زیب کی ذاتی بہادری کی تعریف بھی کی گئی ہے۔ اُسے شہنشاہ بھی تسلیم کیا گیا ہے۔ لیکن شاہی مُلازمت سے معذُوری واضح طور پر ظاہر کردی گئی ہے اِس کے ساتھ ہی اُس بدعہدی کا سدّباب کرنے اور اِنصاف دِلانے کے لئے یاد دِلایا ہے۔ اَور بصُورتِ دیگر معصُوموں کے خُون کا بدلہ خُدائی عِتاب کی صُورت میں نازِل ہونے کی تنبیہہ کی گئی ہے۔ اگر اُس نے چنگاریاں بُجھا دی ہیں تو گویا بھڑکتی آگ کو اور تیز کر دیا ہے۔ یہ خدا کی قُدرت ہے کہ ایک جنگی جوان دس لاکھ مخالفوں کو ہلاک کر ڈالتا ہے۔ اگر شاہ کو فوج وزر کا گھمنڈ ہے تو گورو جی کو بھی اپنے خُدا کی پناہ پر ناز ہے۔ جب خُدا ساتھ ہے تو دُشمن بال بیکا نہیں کر سکتا۔

حقّے یار باشد چہ دُشمن کُند ✤ اگر دُشمنی را بصد تن کُند

ظفرنامہ کے مختلف پُرانے اور مرّوجہ نُسخوں کا بغوُر مُقابلہ کرکے اِس ٹیکسٹ کو اصل کے زیادہ سے زیادہ نزدیک شکل میں پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

ہیرا سنگھ سُود 13-4-94

تعارف

گورو گوبند سنگھ کی ہمہ گیر شخصیت جہاں ایک طرف میدانِ جنگ میں مردانگی کے بے مثال کارناموں کی داستان ہے وہاں دوسری طرف ادبی قابلیت اور شاعری میں وہ اپنی نظیر آپ ہے۔

دسم گرنتھ میں ان کا دھارمک اور رزمیہ کلام نئی بلندیوں کو چھوتا ہے۔ ظفرنامہ اور گورو گوبند سنگھ باادرنگ زیب اِن کی فارسی زبان پر قدرت کے مظہر ہیں۔

اِن دو خطوط کا ترجمہ فاضل مترجّم نے بڑی محنت اور لگن سے کیا ہے اور ان کے تاریخی پسِ منظر اور گوروجی کے بے خوف طرزِ تحریر کو مُطالعہ کُنندگان کے سامنے پیش کر کے ایک بیش بہا خدمت انجام دی ہے۔

جیسا کہ مُطالعہ سے ظاہر ہے مُترجم نے مستند تاریخی حوالجات سے ان خطوط میں یکساں روی اور تسلسل کو ڈھونڈ نکالنے کی کامیاب کوشش کی ہے اور یہی اس کی امتیازی خصوصیت ہے۔

میری یہی دُعا ہے کہ زیرِ نظر کتاب گوروجی کی بلند پایہ شخصیت کے کچھ اہم پہلوؤں کو اُجاگر کر کے اہلِ ذوق شردھالوؤں میں مقبولیت پائے۔

میں ہیرا سنگھ کو اس شبھ کوشش کی تکمیل پر مُبارکباد پیش کرتا ہوں۔

ذیل سنگھ

(ZAIL SINGH)
FORMER PRESIDENT OF INDIA

نامہ گورو گوبند سنگھ با اورنگزیب

وہ خط جو ماچھی واڑہ سے گورو گوبند سنگھ جی نے اورنگزیب کو لکھا۔ بابو جگن ناتھ کے خیال کے مطابق اس میں ایک سو سے زائد اشعار تھے۔

1۔ بنامِ خداوندِ تیغ و تبر — خداوندِ تیر و سنان و سپر

2۔ خداوندِ مردانِ جنگ آزما — خداوندِ اسپانِ پا در ہوا

3۔ ہماں کو ترا پادشاہی بداد — بما دولتِ دیں پناہی بداد

4۔ ترا ترک تازی بہ مکر و ریا — مرا چارہ سازی بصدق و صفا

5۔ نہ زیبد ترا نام اورنگزیب — ز اورنگ زیباں نیاید فریب

Notes

1۔ بنام: نام سے In the name of

خداوند: صاحب۔ مالک God, a king, master, Lord.

تیغ: شمشیر a sword, a dagger.

تبر: کلہاڑا A battle axe,

سنان: بھالا۔ نیزہ spear. سپر: ڈھال shield

2 اسپانِ پا در ہوا۔ سرپٹ دوڑتے ہوئے گھوڑے جن کے پاؤں ہوا میں ہوں۔ باد رفتار گھوڑے Flying horses

3۔ ہمان: ہم آں وہ چیز۔ وہ شخص same, that very

4۔ ترکتازی: لوٹ مار An inroad for the sake of plunder

صدق: سچ بولنا۔ سچائی + Truth

بصدق وصفا: in all sincerity =

5۔ نہ زیبد: زیب نہیں دیتا Does not befit

ستگورو گوبند سنگھ کا خط اَورنگزیب کے نام

1۔ شروع کرتا ہوں اُس (خُدا) کے نام سے۔ جو صاحبِ شمشیر و تبر ہے۔
جو تیر۔ نیزے اَور ڈھال کا مالک ہے۔

2۔ جو جنگی شورماؤں کا ربّ ہے اَور جو بادرفتار گھوڑوں کا خُدا ہے۔

3۔ وہی جس نے تجھے بادشاہت دی (اَور) ہمیں دھرم کی رکشا
کی دَولت عِنایت کی۔

4۔ تیرے حِصّے میں اُس نے مکّاری اور فریب کاری سے لُوٹ مار لِکھ دی
(اَور) مجھے سچّائی اور نیکدِلی سے دوا و درماں کی نعمت سے نوازا۔

5۔ اَورنگ زیب کا نام تجھے شوبھا نہیں دیتا۔ کیونکہ اَورنگ زیب
(تخت کو شوبھا دینے والے) دھوکردہی کو نزدیک نہیں آنے دیتے۔

Guru Gobind Singh's letter to Aurangzeb

1. In the name of the Lord of sword and battle axe, the Lord of arrow, spear and shield;
2. The Lord of mighty warriors and the Lord of flying horses I begin this letter.
3. He who gave you earthly kingdom bestowed on us the fortune of Protection of Faith.
4. To you He ordained the rule with cunning and deceit and to me the administration of help and succour in all sincerity.
5. The name Aurangzeb does not befit you, as Aurangzebs i e. those who adorn the throne, do not indulge in fraudulent practices.

6- نہ تسبیحت از سبحہ و رشتہ بیش | گزاں دانہ سازی وزاں دامِ خویش
7- تو خاکِ پدر را بکردار زشت | بخونِ برادر بدادی سرشت
8- وزاں خانۂ خام کردی بنا | برائے درِ دولتِ خویش را
9- من اکنوں بافضالِ پیرشِ کال | چُناں آبِ آہن کنم برشکال
10- کہ ہرگز ازاں چار دیوارِ شوم | نشانے نماند بریں پاک بُوم

6- سبحہ = سمرن۔ تسبیح A rosary for prayer

7- کردار۔ طرز۔ روش۔ کار۔ عمل و فعل Action, deed, manner, conduct, behaviour, character

سرشت = سرشتن مصدر سے ماضی مطلق = سرشتن = گوندھنا To knead, to mix

8- در = دروازہ A doorway

درِ دولت = Royal residence, threshold of a house

خانۂ خام = کچّا گھر An unstable structure

9- اکنوں = اب Now

چُناں = چُوں آں = ایسا مثل اِس کے

In that manner, such

10- بُوم = زمین جس میں ہل نہ چلا ہو A country, untilled land,

سرشت - طینت۔ temperament

6۔ تیری تسبیح مالا کے منکوں اَور دھاگے سے زیادہ اُور کچھ نہیں۔ منکوں سے تُو شکار پھانسنے کیلئے دانے بناتا ہے اَور دھاگوں سے اپنا جال

7۔ تُونے اَپنے بُرے چلن سے اَپنے باپ کی مٹی کو اَپنے بھائی کے خون سے گُوندھا ہے

8۔ اَور اُس سے تُونے ایک کچے گھر کی بُنیاد رکھی اپنی شاہی قیامگاہ کے طور پر / اَپنے دارالحکومت کے طور پر

9۔ مَیں اب اکال پُرکھ (غیر فانی محیطِ کل خدا) کی عنایت سے لوہے کے پانی سے اِتنی بارش برساؤں گا / برسات کرونگا۔

10۔ کہ اُن منحوس چار دیواروں کا کوئی نشان اِس پاک سرزمین پر نہ رہے گا۔

6 Your rosary for prayer is nothing more than a combination of beads and thread, the former is the bait and the latter your net to ensnare your victim

7 By your deceitful conduct you have kneaded your father's flesh with your brother's blood.

8 With that you have laid the foundation of an unstable structure for your royal residence.

9 Now by the grace of Immortal Lord I will cause such a torrential rain of iron water

10. As will leave no trace of these ill-omened four walls visible on this sacred soil.

11- زکوهِ دکّن تِشنہ کام آمدی | زمیواڑ ہم تلخ جام آمدی
12- بدین سُو چو اکنوں نگاہت رَوَد | کہ آں تلخی و تشنگیت رَوَد
13- چُناں آتشے زیرِ نعلت نہم | ز پنجاب آبت نہ خوردن دہم
14- چہ شُد گر شغالے بہ مکر و ریا | ہمی کُشت دو بچۂ شیر را
15- چُوں شیرِ ژیاں زندہ ماند ہمے | زتو اِنتقامے بِستاند ہمے

11- دکن میں شیوا جی سے لڑائیوں میں بدحالی اور میواڑ میں رانا راج سنگھ کے ہاتھوں شکست کا ذکر ہے

Refers to his tiresome campaign against Shivaji in the Deccan and his retreat from Mewar.

12- رَوَد = دَوَد = عارف رِوَد لکھتا ہے اور بھائی ویر سنگھ اور گنڈا سنگھ دَوَد لکھتے ہیں۔ لیکن نگاہت اور تشنگیت میں "ت" ردلیف ہے۔ قافیہ "و" اور "د" کا نہیں "ہ" اور "ی" کا ہے

رَوَد = رفتن مصدر سے جانا۔ چلنا

To go, to pass, to depart

13- نعل = جُوتی۔ پاپوش۔ کفش

A horse shoe, Shoe (of a horse or a man), a hoof

14- یہ شعر ظاہر کرتا ہے کہ گورو جی نے یہ نامہ رائے کلّہ کے پاس چھوٹے صاحبزادوں کی شہادت سے پہلے مکمّل کر لیا تھا۔ اِسی لیے اِس میں دو بچّوں کے قتل کا اِشارہ ہے

This reference to the murder ot two sons, Ajit Singh and Jujhar Singh shows that Guru Gobind Singh completed this letter before he received the information, at Rai Kalha's estate, of the gruesome murder of his younger sons at Sarhind.

15- چُوں = جو۔ مانند۔ اگر

When, since, as

شیرِ ژیاں = شیر درندہ۔ پھاڑ کھانیوالا شیر۔

A rapacious lion,

A wild beast who rends or tears.

11- تُو دکّن کے پہاڑ سے پیاسا ہی آیا ہے یعنی ناکام لوٹا ہے۔
اُور میواڑ سے بھی تجھے ناکامی کا تلخ گھونٹ پینا پڑا ہے۔

12- اگر اَب تیری نظر اِس طرف اُٹھتی ہے کہ تیری وہ کڑواہٹ
اُور پیاس دُور ہو جائے۔

13- تو میں تیرے پاؤں تلے اِس طرح کی آگ رکھونگا کہ پنجاب سے تُجھے
پانی تک نہ پینے دُوں گا۔

14- کیا ہُوا اگر ایک گیدڑ دھوکا اُور فریب سے شیر کے دو بچے مار ڈالتا ہے

15- جب شیر درندہ زندہ ہے تو تجھ سے بدلہ لیکر رہے گا۔

11. You returned from the Deccan mountain with parched throat and at Mewar also you tasted a bitter draught of defeat.

12, If you now look to this side to quench this thirst of yours

13. and to remove your bitterness i.e. to redeem your lost position.

I'll place such glowing embers underneath the shoes of your horse as will not allow you even a draught of water from the Panjab.

14. What, if a jackal by his cunning and deceit kills two cubs of a lion!

15. If the ferocious lion lives he must avenge their death.

16 نہ دیگر گرائم بنامِ خُدات — کہ دیدم خدا و کلامِ خدات

17- بسوگندِ تو اعتبارے نماند — مرا جُز بہ شمشیر کارے نماند

18- توئی گُرگ باراں کشیدہ اگر — نہم نیز شیرے بد اے بدر

19- اگر باز گفت و شُنیدت بماست — نمائم ترا جادۂ پاک وراست

20- بمیداں دو لشکر صف آرا شوند — زِ دُوری بہم آشکارا شوند

-16 گرائم از گرائیدن = خواہش کرنا

To have an inclination or affection, to wish

-18 گُرگِ باراں کشیدہ = گُرگ باراں دیدہ۔ جہاندیدہ۔ تجربہ کار

Veteran An experienced person.

نہم = نہادن مصدر سے To keep, to save, to establish.

بِ سے (نط) By, with, from, into, near, on, according to,

Preposition for, towards

در = اندر۔ بیچ۔ دروازہ A door, threshold

بدر = باہر Outside, out, out of door

a gate, entrance

Prep. - in, into, within

16۔ میں تجھ سے تیرے خُدا کے نام پر کچھ نہیں مانگتا۔ کیونکہ میں نے تیرے خُدا اور تیرے خُدا کے کلام کو دیکھ لیا ہے۔

17۔ تیری قسم پر اعتبار نہیں رہا۔ (اور) میرے لیے تلوار اُٹھانے کے سوا کوئی چارہ نہیں رہا۔

18۔ اگر تُو چالاک (جہاندیدہ) اور مکّار بھیڑیا ہے تو میں نے بھی تجھ سے دو دو ہاتھ کرنے کیلئے ایک شیر (مراد خالصہ) تیرے جال سے باہر رکھّا ہُوا ہے۔

19۔ اگر اِس کے بعد تُم نے مجھ سے بات چیت کی تو (یاد رکھ) میں تجھے وہ راستہ دِکھاؤں گا جو سیدھا ہو اور اُسمیں کوئی ہیر پھیر نہ ہو۔

20۔ میدان میں دو فوجیں اِس طرح صف باندھے کھڑی ہوں کہ کچھ فاصلے سے ہی ایک دوسری کو نظر آجاویں۔

16. I do not ask for anything from you in the name of God as I have seen your God and that God's word by whom you can swear with immunity.
17. Your oath did not carry conviction with me and I was left with no choice but to draw the sword.
18. You are doubtless a seasoned wolf, but I also keep a lion (refers to the Khalsa) outside your net who can meet your crafty moves/ I too have my lion untied and free.
19. If, hereafter, you hold talks with me, I'll show you a path direct and clean.
20. In the battlefield both the armies should be marshalled against each other so as to be visible from a respectable distance.

21۔ میانِ دو ماند بفرسنگ راہ — چوں آراستہ گردد ایں رزم گاہ

22۔ ازاں پس دراں عرصۂ کارزار — من آئم جریدہ تو با دو سوار

23۔ تو از ناز و نعمت ثمر خوردئی — ز جنگی جواناں نہ برخوردئی

24۔ بمیداں بیا خود بہ تیغ و تبر — مکُن خلقِ خلّاق زیر و زبر

21- فرسنگ = فرسخ = لگ بھگ $3\frac{3}{4}$ میل = a league

اِکیسواں شعر بھائی ویر سنگھ نے کلغی دھر چمتکار اُترادھ میں نہیں دیا۔ سردار گنڈا سنگھ نے پہلا مصرعہ ماخذ تاریخ سِکھاں حصّہ اول میں دیا ہے اور نانک چند ناز نے پُورا شعر دِیا ہے۔

پہلے مصرع میں دونوں نے دو فرسنگ لِکھا ہے لیکن گیانی لال سنگھ نے گورمت مارتنڈ میں بفرسنگ لکھا ہے۔ جو قرینِ قیاس ہے کیونکہ اس سے پہلے شعر میں لِکّھا ہے۔ کہ دونو فوجیں ایک دُوسرے کو نظر آجاویں۔ اِس لحاظ سے دو فرسنگ یعنی $7\frac{1}{2}$ میل کا فاصلہ بہُت زیادہ ہے۔

Verse No 21 has not been given by Bhai Vir Singh in Kalghi Dhar Chamatkar Part II. S. Ganda Singh has given the first half of the verse in Makhiz-i-Tarikh-i-Sikhan Part I and Mr Nanak Chand Naz, the full verse. Both the writers give "do farsang" i.e. two leagues but Gaini Lal Singh in his book Gurmat Martand gives 'one league' which appears to be correct with reference to verse No 20 wherein it is desired that the two armies should be visible to each other. This condition can hardly be fulfilled when the distance is two leagues.

21۔ جب یہ لڑائی کا میدان تیار ہو جاوے۔ تو اِن دونوں کے درمیان ایک فرسنگ کا راستہ رہے۔

22۔ بعد ازاں تو اِس جنگ میں میں اکیلا آؤنگا۔ مگر تُو دو سواروں کے ساتھ (آسکیگا)

23۔ تُو نے ناز و نعمت کے پھل تو کھائے ہیں لیکن جنگی سورماؤں کا سامنا کبھی نہیں کیا۔

24۔ (اَے اورنگ زیب) تو شمشیر و تبر لیکر میدانِ جنگ میں آ اور خُدا کی خلقت کو تباہ و برباد نہ کر۔

21. They should be arrayed at a distance of one league when they are ready to strike.
22. Thereafter, in that battle field, I'll advance alone while you may come flanked by two troopers to fight out the battle.
23. You have grown up in the lap of luxury but have not tasted confrontation with mighty veteran fighters.
24. Come in person to the battle field with sword and battle axe and do not bring about unnecessary ruin to God's creatures.

ظفرنامہ

1۔ کمالِ کراماتِ قایم کریم رضا بخش رازق۔ رہاک و رحیم
2۔ اماں بخش بخشندہ و دستگیر خطابخش روزی دِہ و دلپذیر
3۔ شہنشاہِ خوبی دِہ و رہ نموں کہ بےگوُن و بے چون و چوں بے نموں
4۔ نہ سازو نہ بازو نہ فوج و نہ فرش خداوند بخشندۂ عیشِ عرش
5۔ جہاں پاک زبراست ظاہر ظہور عطائے دہد ہمچو حاضر حضور

Annotation

1۔ رہاک = رہائی دینے والا۔ بندھن کاٹنے والا Liberator

دیکھو جاپ صاحب چھند نمبر 108 used also in Jap Sahib - 108 Chandd No 108

2۔ دل پذیر = دل پسند۔ خوش شکل Agreable, pleasing

3۔ رہنموں = راستہ دکھانیوالا۔ رہنما بےگون = بے رنگ Colourless

بے چُون = بے مثل۔ بے مانند Incomparable

چوں = جو۔ مانند۔ اگر = like, how, because

نموں = showing, leading, a guide, index -

بے نموں = اُس جیسا راہ دکھانیوالا کوئی نہیں - Such a guide simply does not exist

اُس جیسا رہنما کوئی نہیں Invisible -

نمودن = دیکھنا۔ دکھلانا = to see, to show

زبر = اوپر۔ بالادست۔ حاکم = Ruler Superior,

ہمچو = کیطرح۔ اُسی طرح = As if -

ظفر نامہ

۱- وہ خُدا کرامات کی انتہا و معراج ہے۔ غیر فانی ہے۔ بخشش کرنے والا ہے رضا میں چلنے کی طاقت دیتا ہے۔ رزق دیتا ہے۔ بندھن کاٹتا ہے اَور مہربان ہے۔

2- اَپنی پناہ میں رکھتا ہے بخشش کرتا ہے اَور ہر مُشکل میں ہاتھ پکڑتا ہے۔ غلطیاں مُعاف کرتا ہے۔ روزی دیتا ہے اَور دِل پسند ہے۔

3- بادشاہوں کا بادشاہ ہے۔ قابلیت عطا کرتا ہے اور راستہ دِکھاتا ہے۔ بے رنگ اور بے مثال ہے۔ اُس جیسا رہنما کوئی نہیں۔

4- جِس شخص کے پاس نہ کوئی سامان ہے نہ باز نہ فوج۔ غالیچے (اَور) دریاں اگر خدا چاہے تو اُسکو سورگ کی خوشیاں بخشش دیتا ہے۔

5- سنسار سے نرلیپ ہے لیکن اُس کا حاکم ہے۔ جگت میں اُس کا جلوہ ظاہر ہے۔ بخشش ایسے کرتا ہے جیسے سامنے ہو۔

1. Hail to the Lord, the perfection of miracles, Ever Present and Dispenser of Charities ;

   Bestower of Resignation to His Will, Provider of Sustenance, Liberator and Benevolent.

2. Granter of Refuge and Pardon, He holds out His hand to the needy.

   Forgiving, Giver of daily bread and Agreeable [He is].

3. [He is] the King of kings, endows virtues and provides guidance; He is colourless and Incomparable, the like of such a guide simply does not exist.

4. On a person with no equipments, falcons, armies and carpets the Lord confers heavenly pleasures.

5. Unattached to the Universe, He rules over it. His splendour is manifest.

   He hands out gifts as if he is present in person.

6- عطا بخشد و پاک پروردگار — رحیم است روزی دِہ ہر دیار
7- کہ صاحب دیار است اعظم عظیم — کہ حُسن الجمال است رازق رحیم
8- کہ صاحب شعور است عاجز نواز — غریب الپرست و غنیمُ الگداز
9- شریعت پرست و فضیلت مآب — حقیقت شناس و نبی الکتاب
10- کہ دانش پژدہ است و صاحب شعور — حقیقت شناس است ظاہر ظہور

6- دیار = مُلک۔ جمع دار۔ گھر اور مجازاً ملک اور شہر — Houses, mansions countries,

7- حُسن الجمال = جمال کو حُسن دینے والا۔ جمال کا حُسن یعنی بیحد حسین = — Most beautiful

8- غنیمُ الگداز = دشمنوں اور متکبّروں کو ناش کرنیوالا — Destroyer of plunderers
گداختن مصدر سے حلتی — To dissolve, to consume, to destroy

9- شریعت = مذہبی قانون۔ خدا تک پہنچنے کا راستہ = — A religious law, justice
فضیلت مآب = عظمت کا گھر — Seat of grandeur and glory
مآب = جائے پناہ — a place of return, refuge, receptacle
نبیُ الکِتاب = اِلہامی کِتابوں کا پیغام دینے والا۔ کُتب مقدّسہ کا گیان دینے والا۔ — Inspirer of revelation

10- دانِش = عقل۔ دانائی = — Understanding, wisdom
پژدہ = تلاش کرنیوالا۔ پرکھ کرنیوالا۔ تحقیق کرنے والا۔ — Teacher. Examiner
ظاہر = پرسِدھ۔ آشکار = — Evident
ظہور = پرکاش۔ جلوہ = — manifestation.

6۔ وہ پالن ہار خُدا نعمتوں کی بخشش کرتا ہے۔ رحم کرتا ہے اور ہر دیش میں رزق دیتا ہے۔

7۔ وہ مُلکوں کا مالک ہے اور بہت بڑا ہے۔ جمال کو حُسن دیتا ہے یعنی بیحد حَسین ہے۔ رزق دیتا ہے اور نوازش کرتا ہے۔

8۔ وہ بہت اُونچی سمجھ والا ہے۔ غریبوں پر عنایت کرتا ہے۔ ناتوانوں کی پرورش کرتا ہے اور غارت گروں کو تباہ کرتا ہے۔

9۔ انصاف کرتا ہے۔ عظمت کا گھر ہے۔ اصلیّت کو پہچانتا ہے۔ الہامی کتب کا پیغام دُہی دیتا ہے۔

10۔ دانائی کی پرکھ کرتا ہے۔ دُور اندیش ہے۔ سچائی کو پہچانتا ہے اور اُس کا پرکاش ہر جگہ جلوہ گر ہے۔

6. He is granter of Charities, Sustainer, pious and merciful, Giver of livelihood in every country.
7. His rule extends over countries of the world. He is Great and August, Superb in beauty, He is the Providence Munificent.
8. With wisdom sublime He supports the humble, nourishes the poor and destroys the tyrant.
9. He administers justice. He is the seat of grandeur and glory. Idenfier of Reality He inspires revelation.
10. Possessed of lofty understanding [He scrutinizes wisdom (in our daily acts)]. He searches out reality. His manifestation is evident.

11- شناسندۂ علم عالم خدائے کشائندۂ کارِ عالم کشائے

12- گذارندۂ کارِ عالم کبیر شناسندۂ علمِ عالم امیر

داستان

13- مرا اعتبارے برین قسم نیست کہ ایزد گواہ است یزداں یکیست

14- نہ قطرہ مرا اعتبارے بردست کہ بخشی و دیوان ہم کذب گوست

15- کسے قولِ قرآں کُند اعتبار ہماں روز آخر شود زار و خوار

11- شناسندہ = جاننے والا۔ پہچاننے والا۔ One who understands

کشائندہ = آسان کرنے والا۔ کھولنے والا The opener,

Revealer (of the universe) Conqueror (of the universe)

12- گذارندہ = چلانیوالا One who carries out (the world affairs)

امیر = امر کرنیوالا۔ حاکم۔ حکمران = Lord, prince, commander, ruler

داستان = سرگزشت = بیان Narrative, tale, history, story

بخشی = تنخواہ تقسیم کرنیوالا Commander in chief, Paymaster, Disbursing officer.

دیوان = مصاحب۔ صلاح کار - Secretary, a financial secretary minister, a chief officer.

15- شود - شدن مصدر سے It is possible, (He, she, it) becomes or may become

زار و خوار = ایک پرانی بیڑ میں یہاں مرد خوار دیا ہے :

In an old 'Bir' it is given as مردِ خوار

11- وہ خُدا دُنیا کی سب وِدیاؤں کو جاننے والا ہے۔ وِدوان ہے۔ ہر مُشکل کام کو حل کرتا ہے۔ کائنات کا پھیلاؤ کرنے والا ہے۔

12- جہان کا انتظام (حُسنِ تدبیر سے) چلاتا ہے۔ عظیم القدر ہے دُنیا بھر کے عُلوم کو جانتا ہے صاحبِ اختیار ہے/ حاکمِ اعلیٰ ہے۔

سرگُذشت

13- (اے اورنگ زیب) مجھے اِس قسم پر اعتبار نہیں کہ خُدا گواہ ہے اور خُدا ایک ہے۔

14- مجھے اِس امر پر بھی ذرّہ بھر اِعتبار نہیں کیونکہ فوجی جرنیل اور مصاحب سب جُھوٹ بولنے والے ہیں۔

15- جو شخص (تمہاری) قرآن کی قسم پر اعتبار کرتا ہے۔ اُسے آخرُالامر دُکھی ہونا پڑتا ہے۔

11. The Lord is conversant with all the sciences of the world. He is Omniscient. He resolves every difficulty and reveals the Universe.

12. He carries out the world affairs skilfully. He is grand. All the worldly knowledge is within his ken. He is the ruler of the universe.

Narrative

13. This oath of your s that God is the sole Lord of the world and He is witness to it, does not carry conviction with me.

14. Nor do I believe in what your generals and officers swear to, as they all are liars.

15. He who relies on your oath by the Quran is thereby a distressed and ruined man in the end.

16۔ ہُمارا کسے سایہ آید بزیر ۔ بروست دارد نہ زاغ دلیر
17۔ کسے پُشت اُفتد پسے شیر نر ۔ نہ گیرد بزو میش و آہُو گزر
18۔ بہ مُصحف قسم خُفیہ گوخوردے ۔ نہ یک گام ہم پیش ازاں بُردے
19۔ گرسنہ چہ کالے کند چہل نر ۔ کہ دہ لک برآیند بر و بے خبر
20۔ کہ پیماں شکن بے درنگ آمدند ۔ میاں تیغ و تیر و تفنگ آمدند

16- ہُما = مُبارک پرندہ جس کا سایہ کسی پر پڑ جائے تو وہ بادشاہ بن جاتا ہے
Phoenix, a bird of happy omen.

17- پُشت = پیٹھ = Back + افتد = افتادن مصدر سے پڑنا۔ گر پڑنا۔ لیٹنا۔ پیروی کرنا۔
To fall (Fall), to befall, to follow.

پس = پیچھے = Behind = پسِ پُشت افتد = پیٹھ کے پیچھے لیٹ جاوے یعنی پناہ لے لیوے۔
Comes under the protection of

گیرد = پکڑنا + نہ گزر گیرد = گزر نہیں سکتے =
Cannot cross the path of

18- مُصحف = قرآن۔ وہ کتاب جسمیں رسالے اور صحیفے جمع ہوں۔ اُسی واسطے قرآن شریف کو کہتے ہیں کیونکہ اُس میں سورتیں جمع ہیں
The Quran,
a book, a volume

19- ہم = بھی = Even + پیش۔ آگے Forword, ahead

20- بیدرنگ = یک بیک Atonce, quickly, straight way
تفنگ = بندوق۔ بندوقیں Guns, muskets

16۔ اگر کوئی ہُما کے سایہ تلے آوے تو اُس پر کوئی کوّا ہاتھ نہیں ڈالتا، چاہے وہ کتنا ہی دلیر ہو۔

17۔ اگر کوئی شیر کی بیٹھو بیچھے یعنی پناہ میں آجاتا ہے تو بکری۔ بھیڑ یا ہرن اس راستے گزر ہی نہیں سکتے یعنی ان کا کوئی زور نہیں پڑ سکتا۔

18۔ اگر مَیں قرآن کی قسم خُفیہ (بھی) کھاتا تو اُس سے ایک قدم بھی اِدھر اُدھر نہ ہوتا یعنی اُس کا پوری طرح پالن کرتا۔

19۔ چالیس بھُوکے آدمی کیا کارنامہ کر دکھاتے۔ جبکہ دس لاکھ فوج اُن پر اچانک ٹوٹ پڑی۔

20۔ عہد توڑنیوالے یک بیک تلواریں تیر اَور بندوقیں لے کر ٹوٹ پڑے۔

16. He, whose head is overshadowed by phoenix needs fear no assault from any raven however insolent it may be.

17. No goat, sheep or deer can approach him who comes under a lion's protection.

18. Had I sworn by the Quran even in private I would not have deviated even an inch from my path.

19. What miracle could the hungry forty perform, when a troop of ten lakhs fell upon them unawares.

20. Armed with swords, arrows and guns the promise breakers came upon them straight way.

21. بہ لاچارگی درمیاں آمدم　　بہ تدبیر تیر و کمال آمدم

22. چو کار از ہمہ حیلتے در گذشت　　حلال ست بُردن بہ شمشیر دست

23. چہ قسم قرآن من کنم اعتبار　　وگرنہ تو گوئی من ایں رہ چہ کار

24. نہ دانم کہ ایں مرد روباہ پیچ　　دگر ہرگزیں رہ نیارد بہ ہیچ

25. ہر آں کس کہ قولِ قرآں آیدش　　نزد بستن و کُشتنی بائیدش

21 - بہ تدبیر و تیر و کماں آمدم = ظاہر کرتا ہے کہ گورو جی کے پاس بندوقیں کم تھیں یا نہیں تھیں

It shows that Guru ji had no guns or very few guns,

22- در گذشت = گزر جاوے = Passes beyond due limits شیخ سعدی کی مشہور منظوم تصنیف بوستاں میں یہی خیال اسی طرح نظم کیا گیا ہے۔

In 'Bostan' by Saadi, this very idea has been versified as

؎ چوں دست از ہمہ حیلتے در گسست ، حلال است بُردن بہ شمشیرِ دست

24 - دِگر = کوئی اور بات = Any other thing

نیارد = نہ لانا۔ نہ لاتی would not have brought

روباہ پیچ = cunning like a fox, wily like a fox

25 - نزد = نہ + از + او = نہ + کیلئے + اُس۔ اُس کے لیے نہیں = Not for him

از = Since, for

Bhai Vir Singh writes, (Digar) دِگر, Ganda Singh (Magar) مگر 24 and Acharya Dharminder Nath, (Vagar) وگر

بھائی ویر سنگھ "دِگر" لکھتے ہیں۔ سردار گنڈا سنگھ "مگر" اور آچاریہ دھرمیندر ناتھ " وگر "

21 - مجبور ہو کر مجھے میدان میں آنا پڑا۔ اور مَیں تیر و کمان
یعنی جو سامانِ جنگ میرے پاس تھا لیکر مقابلہ کیلئے آیا۔

22 - جب معاملہ سبھی تدبیروں کی طاقت سے باہر ہو جائے۔ تو اُس
وقت تلوار ہاتھ میں لینا جائز ہے۔

23 - مَیں قرآن کی قسم کا کیا اعتبار کروں۔ نہیں تو تُو ہی بتا کہ مجھے اِس
راستہ (یعنی چمکور میں جنگ کرنے) سے کیا واسطہ۔ یعنی مجھے تو جنگ
چھڑنے پر مجبوراً ہتھیار اُٹھانے پڑے۔

24 - مَیں نہیں جانتا تھا کہ یہ شخص لومڑی کی طرح داؤ پیچ میں ماہر ہے اور
اپنے ارادے کو (بغیر اخلاقی قدروں کی پرواہ کئے) سرے چڑھانے کی
راہ کو ہی ٹھیک جانتا ہے۔ نہیں تو کوئی اور بات مجھے اِس راستہ
پر نہ لاتی۔

25 - ہر وہ شخص جو قرآن کی قسم پر اعتبار کرتا ہے۔ اُسے قید کرنا یا مارنا
نہیں چاہیئے۔

21 Forced by circumstances I, alongwith my followers, equipped with bows and arrows stepped forward to meet the assailants

22. When all avenues for negotiations fail, it is legitimate to have recourse to the use of sword.

23. What more reliance should I place on your oath by the Quran. Speak out what other interest had I, otherwise, to come this way.

24. I did not know that the swearer by the Quran was wily like a fox. No consideration other than the sanctity of the oath would have brought me hither

25. He who believes in oath by the Quran does not deserve imprisonment or death.

26- برنگِ مگس سیاہ پوش آمدند بیک بارگی درخروش آمدند
27- ہرآں کس کہ دیوار آمد بروں بخوردن یکے تیر شد غرقِ خوں
28- کہ بیروں نیامد کسے زاں دوار نہ خوردند تیر و نہ گشتند خوار
29- چو دیدم کہ ناہر بیامد بہ جنگ چشیدہ یکے تیر من بیدرنگ
30- ہم آخر گریزند بجائے مَصَاف بسے خاناں خوردند بیروں گزاف

28 - گشتند = ہُوا = Became

دوار = دیوار مواز نہ کے لئے دیکھیں شعر نمبر 34 verse No. For analogy see
ناز نے دِوار کی بجائے حِصار باندھا ہے
دِوار in place of حِصار Naz gives

29 - چشیدہ یکے تیر من بیدرنگ As given by Giani Narain Singh in his exposition of Dasam Granth and also in ਚੋਣਵੀ ਬਾਣੀ ਦਸਮ ਗਰੰਥ by Director, Bhasha Vibhag, Patiala.

چشیدہ یکے تیر = تیر کھاتے ہی = تیر کھاکر = Having tasted the arrow

مَن بیدرنگ = atonce

Compare it with بسے حملہ کردہ in verse No. 33

چشیدن یکے تیر من بیدرنگ According to Sh. Nanak Chand Naz and S. Ganda Singh

30 - ہم آخر = آخر اسی طرح = At last in a similar manner

26۔ کالی وردیوں والے سپاہی مکھیوں کی طرح ٹوٹ پڑے اور یک لخت بڑے جوش و خروش سے حملہ کر دیا۔

27۔ جو کوئی بھی دیوار کی اوٹ سے باہر آیا تیر کھا کر خون میں غرق ہو گیا یعنی مارا گیا۔

28۔ ایسا کوئی نہیں تھا جو اُس دیوار (کی اوٹ) سے باہر آیا ہو اور تیر کھا کر خوار نہ ہوا ہو یعنی مرا نہ ہو۔

29۔ جب میں نے دیکھا کہ ناہر خاں میدانِ جنگ میں آیا۔ (تو میرا) ایک تیر کھاتے ہی وہ فوراً چلتا بنا۔

30۔ بالآخر اسی طرح بہت سے وہ خان جو باہر گپیں مارتے تھے لڑائی کی بجائے بھاگ گئے / لڑائی کی جگہ سے بھاگ گئے۔

26. Black clad soldiers swarmed like flies and made a wild attack all atonce

27. Whosoever came out of the shelter of the wall was pierced through with arrow and steeped in blood.

28. None came out of the wall shelter but was hit by arrow and shot dead.

29. When I saw Nahar take the field, I atonce gave him the taste of my arrow/He tasted an arrow of mine and atonce fell down dead.

30. In the end even a good many Afghan warriors who boasted of their valour outside fled the field and did not choose to fight.

31- که افغانِ دیگر بیامد بجنگ | بچو سیلِ رواں ہاپچو تیر و تفنگ

32- بسے حملہ کردہ بمردانگی | ہم از ہوشگی ہم ز دیوانگی

33- بسے حملہ کردہ بسے زخم خورد | دو کس را بجاں کشت جاں ہم سپرد

34- کہ مردود خواجہ ز سایہ دوار | بمیداں نیامد بمردانہ دار

35- دریغا اگر روئے او دیدمے | بیک تیر لاچار بخشیدمے

31- ہاپچو - مثل، مانند = like + سیلِ رواں = دوڑتے ہوئے
Like a torrential current, like a Running tide سیلاب (کی طرح)

32- حملہ کردہ = حملے کرے S. Ganda Singh also gives
Singular number, refers
to the Afghan who attacked;

33- حملہ کردہ = زخم خورد - فعل معطوفہ = حملے کرکے زخم کھائے
He made many assaults. refers to the Afghan in verse No 32

34- دوار = دیوار - شعر نمبر 28 میں بھی دیوار کو دوار کے طور پر باندھا ہے یہ ضرورتِ شعری ہے یا شاعرانہ خصوصی اختیار
It is poetic privilege, or a poetic necessity

مردود = رد کیا گیا - بدبخت - بے عزت = Cursed

31- ایک اور افغان جنگ کے لیے آیا۔ وہ دوڑتے ہوئے سیلاب یا تیر اور گولی کی طرح آگے بڑھا۔

32- اُس افغان نے بہت سے ہلّے کیے۔ کچھ سوچ سمجھ کر اور کچھ پاگلپن کی رو میں

33- اُس نے کئی حملے کیے اور بہت زخم کھائے۔ دو آدمیوں کو جان سے مار ڈالا اور اپنی جان بھی خُدا کے سپُرد کر گیا۔

34- وہ کائر جرنیل (شاہی فوجوں کا سپہ سالار خواجہ محمود (محمّد) مردوں کی طرح دیوار کی اوٹ سے باہر نہیں آیا۔

35- افسوس اگر میں اُس کا مُنہ دیکھ لیتا۔ تو ایک تیر اُسے بخش کر لاچار کر دیتا یعنی ایک تیر سے اُس کا خاتمہ کر دیتا۔

31. With a terrific velocity of a running tide, an arrow or a musket ball another Afghan warrior advanced to fight.
32. That Afghan charged us repeatedly with courage. A good many of his assaults were planned and others wild.
33. The Afghan warrior attacked again and again and received several injuries. He killed two of our men and himself fell dead thereafter.
34. That condemned commander (General MAHOMED) did not act manly and did not come out of the covering of wall.
35. Alas! If I had seen his face I would have rendered him lifeless with one arrow.

According to Sayyad Abdul Latif, the name of the Royal General was Khawaja MAHOMED; but the real name according to Tawarikh Guru Khalsa is Khawaja Khizar Khan of Malerkotla. He was Nahar Khan's brother. Pages 987-988

سید عبداللطیف مصنّف تاریخ پنجاب شاہی فوج کے جرنیل کا نام خواجہ محمود محمد لکھتا ہے لیکن اصل اشارہ خواجہ خضر خاں آف مالیر کوٹلہ کی طرف ہے جو ناہر خاں کا بھائی تھا۔ تواریخ گورو خالصہ صفحہ 88-987

36- ہم آخر بسے زخم تیر و تفنگ   دو سُوئے بسے کشتہ شُد بید رنگ
37- بسے بان بارید تیر و تفنگ   زمین گشت ہمچوں گُلِ لالہ رنگ
38- سر و پائے انبوہ چنداں شُدہ   کہ میدان پُر از گوئے و چوگاں شُدہ
39- ترنکار تیر و ترنگ کماں   بر آمد یکے ہائے ڈھو از جہاں
40- دگر شورشِ کیبر کینہ کوش   ز مردانہ مرداں برُوں رفت ہوش

چشیدہ شُد — کُشتہ شُد

-36 For analogy compare چشیدہ شُد with کُشتہ شُد as given by Tawarikh Guru Khalsa in verse No 29

37- بان = Compare verse No 88 in Hikayat No 4

چُناں بان اُفتاد تیر و تفنگ ۔ زمیں گشت گلنش شُدہ لالہ رنگ ، حکایت نمبر 4 کے بیت نمبر 88 سے موازنہ کریں۔

39- ترنکار = ٹنکار = Whizzing of arrows, whistling of arrows

ترنگ = کمان کا کڑاکا = کڑکنے کی آواز Twanging of bows

ہائے وہو = شور و شر Uproar of yells and shrieks

-40 کیبر = تیر = arrow

کیبر کینہ کوش = مہلک تیر

مردانہ مرداں = Brave warriors, veterans

39- ایک پرانی بیڑ میں ترنکار تیر و ترنک کمان دیا گیا ہے

In an old 'Bir' (manuscript) the Text reads

ترنکار تیر و ترنکِ کماں

36۔ آخر اِسی طرح تیروں اَور بندوقوں کے بُہت سے زخموں سے دونوں طرف کے بہت سے لڑنے والے جھٹ پٹ مر گئے۔

37۔ تیروں اور بندوقوں کی بُہت بارش ہوئی جس سے زمین پوست کے پھُول کی طرح سُرخ ہو گئی۔

38۔ میدانِ جنگ میں سروں اَور پیروں کا اِتنا اَنبار لگ گیا گویا رَن بھُومی گیند اور بلّوں سے بھری پڑی ہے۔

39۔ جب تیروں کی ٹنکار ہُوئی اَور کمان کڑکے تو چیخ و پکار کے شور شرابے سے دُنیا بھر گئی۔

40۔ علاوہ ازیں مُہلک تیروں کے چلنے سے اِتنا شور و غل ہُوا کہ بڑے بڑے بہادروں کے ہوش گم ہو گئے۔

36. Likewise, in the end several warriors on both sides fell wounded and killed by arrows and bullets in no time.

37. Countless arrows and bullets were showered and the battlefield turned red like poppy flowers.

38. The battlefield was in such a litter with numerous heads and feet of the slain soldiers as if it was full of mallets and balls.

39. Whizzing of arrows and twanging of bows brought about an uproar of yells and shrieks of the wounded.

40. Moreover, when the fatal arrows whistled through the air, even the veterans iost their senses.

-41 ہم آخر چہ مردی کند کارزار — کہ بر چہل تن آئیدش بے شمار
چراغ جہاں چوں شدہ برقع پوش — شہ شب برآمدہ ہمہ جلوہ جوش
ہر آں کس بہ قول قرآن آئیدش — کہ یزداں بر و رہنما آئیدش
نہ پیچید موئے نہ رنجید تن — کہ بیروں خود آورد دشمن شکن
نہ دانم کہ ایں مرد پیماں شکن — کہ دولت پرست است و ایماں فگن

41- مردی = مردانگی بہادری Valour, manliness کارزار = کچھ شارحین دقت کار بھی لکھتے ہیں۔ لیکن بیشتر کارزار ہی لکھتے ہیں۔ In the battlefield

42- ہم جلوہ جوش = پوری شان و شوکت سے = In full splendour اِس شعر سے ظاہر ہوتا ہے کہ چاند پوری آب و تاب سے نکلا ہے۔ لیکن ساری رات چاندنی نہیں تھی۔

ڈاکٹر گنڈا سنگھ لکھتا ہے کہ گورو گوبند سنگھ نے جنگ کے بعد چمکور پوہ شدی 3 سمت 1762 بتاریخ 8 دسمبر 1705 کو چھوڑا۔

میکالف یہ تاریخ 8 پوہ سمت 1761 وکرمی دیتا ہے۔

سردار کرتار سنگھ نے "گورو گوبند سنگھ اینڈ دی مغلز" میں یہ تاریخ 22 دسمبر سنہ 1704 کی دی ہے۔ پروفیسر صاحب سنگھ کے مطابق یہ 22-23 دسمبر کی درمیانی رات تھی جب گورو جی اور اُن کے تین ساتھی لاکھوں دشمنوں کے محاصرے سے نکل گئے۔ رات کے گہرے اندھیرے نے انہیں نکلنے میں سہائتا دی۔ گورو جی ننگے پاؤں چلتے رہے۔ پو پھٹنے تک وہ بمشکل آٹھ نو میل فاصلہ طے کر سکے۔
گورو گوبند سنگھ صفحہ 152

مندرجہ بالا تاریخی حوالہ جات سے ہم اس نتیجہ پر پہنچتے ہیں۔
گورو گوبند سنگھ جی چمکور سے 8 پوہ سمت 1761 وکرمی بمطابق 22 دسمبر سنہ 1704 کی رات کو نکل گئے۔ یہ پوہ شدی 3 کی رات تھی۔ چاند قریباً 3 گھنٹے تک چمکتا رہا۔ بعد ازاں اندھیرا چھا گیا۔ اور اس اندھیرے میں گورو جی ننگے پاؤں چلتے رہے اور پو پھٹنے تک صرف آٹھ نو میل کا فاصلہ طے کر سکے۔

see page-55

41۔ آخر مردانگی بھی کہاں تک میدانِ جنگ میں کام کرتی۔ جب چالیس آدمیوں پر بے شمار فوج ٹوٹ پڑی۔

42۔ جب دُنیا کے چراغ (سُورج) نے بُرقعہ اوڑھ لیا۔ رات کا بادشاہ (چاند) ساری شان و شَوکت/ آب و تاب سے نِکل آیا۔

43۔ ہر وہ شخص جو قرآن پر بھروسہ کرتا ہے۔ خُدا اُس کو صحیح راستے پر لے آتا ہے۔

44۔ نہ میرا بال بینکا ہُوا نہ میرے جِسم کو کوئی دُکھ ہُوا۔ دُشمن مارنے والا خُدا مجھے خود گھیرے سے باہر لے آیا۔

45۔ مَیں نہیں جانتا تھا کہ یہ شخص وعدہ توڑنے والا ہے۔ دَولت کا پُجاری ہے اور دھرم کو دھکّا دینے والا ہے۔ یعنی مذہبی قدروں سے لاپرواہ ہے۔

41. After all what miracle of manliness could the forty accomplish when countless enemies fell upon them.

42. When the sun went down in the west, the king of night i.e. the moon came out in full splendour.

43. The Lord Baneficent Himself guides him who believes in oath by the Quran.

44. I did not receive the slightest harm or bodily injury. The Destroyer of tyrants Himself brought me out of the enemy's trap.

45. I did not know that the swearer by the Quran was a perjurer. He was Mammon worshipper and irreligious.

43۔ شعر نمبر 25 میں بھی قولِ قرآن آئیدش آیا ہے — قولِ قرآن آئیدش is also used in verse No 25

44۔ پیچید = تر دڑا مروڑا۔ بل کھایا = Got twisted, coiled

رنجید = دُکھی ہُوا = Got offended

46- نہ ایماں پرستی نہ اوضاعِ دیں — نہ صاحب شناسی محمد یقیں

47- ہر آں کس کہ ایماں پرستی کند — نہ پیماں خودش پیش و پس می کند

48- کہ ایں مرد را ذرّہ اعتبار نیست — چہ قسم قرآں است یزداں یکے ست

49- چوں قسمِ قرآں صد کند اختیار — مرا قطرہ ناید ازو اعتبار

50- اگرچہ ترا اعتبار آمدے — کمر بستۂ پیشکار آمدے

46 - اوضاع = ڈھنگ = Manners, politeness

کچھ شارحین نے نہ صاحب شناسی نہ محمد یقیں لکھا ہے۔ سردار گنڈا سنگھ نے نہ چھوڑ دیا ہے۔ اور محمدؐ کو تشدید کے ساتھ باندھا ہے۔

S. Ganda Singh has left out "نہ"

47 - کچھ شارحین نے پیش و پستی کند باندھا ہے =

S Ganda Singh gives it as alternative in foot-note

48 Given in Tawarikh Guru Khalsa اشارہ قرآن کی جھوٹی قسم کھانیوالے کی طرف ہے۔ چاہے وہ جرنیل ہے یا قاضی۔

This refers to the swearer of oath, whether he is a military general or a Qazi. He has violated the oath.

49 - چوں کو چہ، پر میکالف نے چہ کا چو ترجیح دی ہے Macauliffe has preferred

50 - بھائی ویر سنگھ اور بھائی رندھیر سنگھ پیشوا لکھتے ہیں اور ناز صاحب پیشوار لیکن پیشکار زیادہ موزوں ہے۔

Bahi Vir Singh and Bhai Randhir Singh write پیشوا 'Peshwa' and 'Naz' gives پیشوار 'Peshwar' but 'Peshkar' پیشکار suits the centext پیشکار

In 1683 AD (1740 B) Bhai Nand Lal was appointed Peshkar in the court of معظم afterwards Bahadur Shah, on the recommandation of Guru Ji.

1683 میں بھائی نند لال کو شہزادہ معظم کا پیشکار مقرر کیا گیا تھا۔ پیشکار = اہلکار - وکیل - نمائندہ

Representative

An assistant, a subordinate officer in a court next below سر رشتہ دار.

46۔ نہ تو یہ دھرم کی پالنا کرتا ہے اور نہ ہی اِسکے انداز دھارمک ہیں۔
نہ خُدا کو پہچانتا ہے اور نہ حضرت محمدؐ میں یقین رکھتا ہے۔

47۔ ہر وہ شخص جو دھرم کی پالنا کرتا ہے اپنے وعدہ سے اِدھر اُدھر نہیں ہوتا یعنی ہرگز نہیں مُکرتا۔

48۔ اور کہ اِس شخص کو اپنی وعدہ شکنی کی ذرّہ بھر شرم نہیں۔
چاہے اُس نے قسم قُرآن کو توڑا ہے یا خُدا ایک ہے کہکر وعدہ خلافی کی ہے۔

49۔ اگر یہ شخص قُرآن کی سو بار قسم کھائے تو بھی مجُھے اِس پہ ذرّہ بھر اعتبار نہیں۔

50۔ حالانکہ اگر تجُھے اِعتبار ہوتا تو تیرا کوئی نمائندہ کمر باندھے ہُوئے آتا۔

46. He is neither sincere in his faith nor does he conform to any religious creed. He is unbeliever with no inward respect for Mohammad.

47. He who believes in moral laws does not waiver even a bit from his oath.

48. This man, the swearer, does not feel ashamed of violating his oath by Quran or by Oneness of God.

49. Even if he swears by the Quran a hundred times I would have little faith in it.

50. If you had belived it, some attendant of yours must have come prepared to offer apology for your general's perjury.

51۔ کہ فرض است بر سرِ تُرا ایں سُخن — کہ قولِ خدا است قسمت بہ من

52۔ اگر حضرت خود ستادہ شود — بجان و دلے کار واضح شود

53۔ شُمارا چُو فرض است کارے کُنی — بموجب نوشتہ شُمارے کُنی

54۔ نوشتہ رسید و بگفتہ زبال — ببباید کہ کارایں براحت رسال

55۔ ہموں مرد بائید شود سُخن در — نہ شکمِ دگر در دہانِ دگر

51 و 54 ۔ اشعار میں لِکھا گیا ہے کہ اورنگ زیب کا لِکھا ہُوا اور زبانی پیغام بھی مِلا۔ اُس نے جو اِنصاف دینے کا وعدہ کیا ہے اُسے پُورا کرنا چاہیئے۔

This refers to Aurangzeb's verbal and written assurance offered to Guru Gobind Singh. The Guru reminds him that it is his duty to abide by his word.

54- کُچھ شارحین نے کارایں کی بجائے کارے لِکھا ہے۔

کارایں = یہ کام = This work

55- ہموں = ہم + او + ں = ایسے ہی + وہ + ن زائد ہے۔ وہ ایسا ہی =

The man should be like this.

52- میکالف صاحب کے خیال میں آنحضرت حضرت محمّدؐ کی طرف اِشارہ ہے لیکن اورنگ زیب کی طرف اِشارہ نفسِ مضمون کی رُو سے قابلِ ترجیح معلوم ہوتا ہے۔

According to Mr. Macauliffe this refers to Hazrat Mohammad, but in view of the context reference tc Aurangzeb is preferrable

51۔ تیرے سر پر اِس وعدہ کو پورا کرنیکا فرض ہے۔ کیونکہ میرے ساتھ کھائی ہوئی قسم خُدا کا قول ہے یعنی خُدا کی حضوری میں دیا گیا وعدہ ہے۔

52۔ اگر آنحضرت یعنی اَے بادشاہ تُو خود یہاں کھڑا ہو تو (میری طرف سے) دِل و جان سے سارا معاملہ صاف ہو جائیگا اور ساری حقیقت کا پتہ چل جائے گا۔

53۔ اَب تمہارا فرض بنتا ہے کہ لکھے ہُوئے کو جانچ لو۔ (سمجھ لو) اور اُس کے مُطابق کام کرو۔

54۔ آپ کا تحریری پروانہ بھی ملا اور زبانی سندیہ بھی۔ اب چاہیئے کہ یہ کام بخُوبی انجام پا جائے۔

55۔ مرد ایسا ہونا چاہیئے جسے وعدہ کا پاس ہو نہ کہ دِل میں کچھ اور رہو اور مُنہ میں کچھ اور۔

51. It is your duty now to abide by your word. I do affirm that a man's word for a good cause has a divine sanction.

52. If your majesty comes here personally, the sincerity of my actions will become amply clear to you.

53. It is your duty to execute the work according to your writings in letter and spirit.

54. I have received your epistle and verbal message too. The work envisaged therein should now be completed gracefully.

55. Man is he who abides by his word. He, whose actions are at variance with his words is devoid of manliness.

56- چہ قاضی مرا گفتہ بیروں نہم		اگر راستی خود بیاری قدم

57- ترا گر بباید آں قول قرآن		بہ نزدِ شما را رسانم ہماں

58- کہ تشریف در قصبۂ کانگڑہ کُند		وزاں پس ملاقات باہم شود

59- نہ ذرّہ دریں راہ خطرہ تراست		ہمہ قوم بیراڑ حکم مراست

60- بیا تا سخن خود زبانی کنیم		بروئے شما مہربانی کنیم

58- معلوم ہوتا ہے کہ گورو صاحب کو قیام کانگڑ کے وقت یا کچھ پہلے اورنگ زیب کا پیغام تحریری ملا ہے جس کی نقل رُقعات۔ احکام یا ارقام (writings) میں نہیں ملتی نہ اِس تحریر کی تفصیلات ہیں۔ سو ساکھی 28 ویں ساکھی MS 79 a-b میں مختصر خلاصہ دیا گیا ہے۔ اُس کے مطابق گورو صاحب کو پروانے بھیجے گئے ہیں اور کہا گیا ہے کہ "حکومت صرف ایک ہی ہے۔ بہتر ہے کہ پروانہ دیکھتے ہی فوراً یہاں چلے آؤ (ہمارے مذہبی خیالات ایک جیسے ہیں جن میں خدائی و حدانیت یکساں ہے۔) نہیں تو میں خود آؤنگا۔ پھر پیری کی رعب اور عظمت جاتے رہیں گے" "تم سلطنت میں اسی طرح رہ سکتے ہو جیسے دوسرے سنت اور خدا پرست لوگ رہتے ہیں۔ آخر میں پروانہ کے عام طرزِ تحریر

see page-56

56- قاضی نے جو پیغام آپ کا مجھے دیا ہے میں اُس سے باہر نہیں ہوں۔ اگر تو سچا ہے تو خود آجا یعنی وچولوں کی بجائے سیدھی بات بہتر رہے گی۔

